4

بھارت پیارا، بھارت پیارا

4331CH04

آنکھوں کا ہے تارا بھارت
دل کا اپنے سہارا بھارت
نیارا سب سے ہمارا بھارت
بھارت پیارا، بھارت پیارا
بھارت پیارا، بھارت پیارا

© NCERT not to be republished



پیارے پھول اور پھل بھارت کے
پیارے سب جنگل بھارت کے
پیارے آج اور کل بھارت کے
پیارے جل اور تھل بھارت کے
بھارت پیارا، بھارت پیارا

افسر سب کے دل بہلائیں
اُمیدوں کے پھول کھلائیں
اپنے دیس کے ہم گُن گائیں
سب مل کر یہ گیت سنائیں
بھارت پیارا، بھارت پیارا

(افسر میرٹھی)

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے

نیارا	انوکھا، نِرالا
جل	پانی
تھل	خشکی، زمین
جگ	دنیا
آنکھوں کا تارا ہونا	بہت پیارا ہونا

سوچیے اور بتائیے

1. بھارت کو آنکھوں کا تارا کیوں کہا گیا ہے؟

....

2. شاعر نے بھارت کی کن کن چیزوں کو پیارا کہا ہے؟

....

3. سب کے دل کیسے بہلائیں گے؟

....

© NCERT not to be republished

4. بھارت کے آج اور کل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

....

5. ہمالیہ پہاڑ سے نکلنے والی دو ندیوں کے نام لکھیے؟

....

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

1. آنکھوں کا ہے تارا ....
2. .... سب سے ہمارا بھارت
3. پیارے پھول اور .... بھارت کے
4. امیدوں کے .... کھلائیں
5. سب مل کر یہ .... سنائیں

نیچے دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیے اور ان کے نیچے اس نظم کا وہ مصرعہ لکھیے جس میں ان کا ذکر ہوا ہے



....

© NCERT not to be republished



....



....

کالم 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے

الف	ب
آنکھوں کا ہے تارا بھارت	پیارا بھارت، پیارا بھارت
نیارا سب سے ہمارا بھارت	دل کا اپنے سہارا بھارت
پیارے آج اور کل بھارت کے	امیدوں کے پھول کھلائیں
افسر سب کے دل بہلائیں	پیار سے جل اور تھل بھارت کے

© NCERT not to be republished

مثال کے مطابق خانوں میں دیے گئے حروف کی مدد سے پانچ الفاظ لکھیے

ا	ل	ا	م	ہ	پھ	و	ج
و	ڑ	ا	ہ	پ	و	ت	گ
ٹ	ن	بھ	ج	ج	ل	خ	پ
ج	ک	ا	ن	ن	ج	م	ک
خ	ل	ر	گ	ر	س	ف	ا
ل	ج	ت	ل	ں	م	س	ڑ

© NCERT not to be republished

مثال : پھول

.1 ....

.2 ....

.3 ....

.4 ....

.5 ....

مثال کے مطابق بے جوڑ لفظ کو پہچان کر سامنے لکھیے

مثال :	پھول	پھل	کونپل	پانی	= پانی
	پہاڑ	پربت	چٹان	دریا	= ....
	قلم	دل	ہاتھ	آنکھ	= ....
	گیت	گانا	بچہ	لوری	= ....
	کتاب	نل	کاپی	قلم	= ....

پانچ پھولوں اور پانچ پھلوں کے نام لکھیے

	پھول	پھل
.1	....	....
.2	....	....
.3	....	....
.4	....	....
.5	....	....

اساتذہ کے لیے ہدایات

- پھل، پھول، جنگل، ندی وغیرہ پر بچوں سے گفتگو کروائی جاسکتی ہے۔
- بھارت کی خوبصورتی پر بات چیت کروائی جاسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

تارا ....

سہارا ....

بھارت ....

بہلائیں ....

اپنے پسندیدہ پھول کی تصویر بنا کر رنگ بھریے

© NCERT not to be republished

پہیلی

دیکھنے میں نہ پھول نہ پھل

کہنے کو اک پھول اک پھل